© rasailojaraid.com



نور اور پاکیزگی، نورِ ہدایت اور نورِ قرآن، دعاے نور اور سیدنا محمدؐ اور سلام و تسلیم کا مطالبہ اور منافقین کے کردار کو باہم مربوط کر کے بیان کیا گیا ہے۔ نفاق کے مرض کو عہدِ حاضر کی صورت حال سے مربوط کر کے دعوتِ فکر و عمل دی گئی ہے اور درود و سلام پر بات کو اختتام تک پہنچایا گیا ہے۔ مصنف نے جس تسلسل، ترتیب اور ربط کے ساتھ کڑی سے کڑی جوڑ کر ایمانِ مسلم کو احسانِ مصطفیٰؐ سے جوڑا ہے وہ لائق مطالعہ ہے۔ مروجہ روایات و رسومات سے ہٹ کر جذبۂ ایمانی کو عمل کے قالب میں ڈھالنے کی سعی دکھائی دیتی ہے۔ (ارشاد الرحمٰن)

## تعارف کتب

◉ **معارف مجلۂ تحقیق**، شمارہ ۶ (جولائی، دسمبر ۲۰۱۳ء)۔ مدیر: پروفیسر ڈاکٹر محمد اسحاق منصوری۔ ملنے کا پتا: ادارہ معارف اسلامی، ڈی-۳۵، بلاک ۵، ایف بی ایریا، کراچی-۷۵۵۹۰۔ فون: ۳۶۳۴۹۸۴۰-۰۲۱۔ صفحات: (۳۴+۱۷۲): ۲۰۶۔ قیمت: ۲۰۰ روپے۔ [یہ ادارہ معارف اسلامی کراچی کا علمی و تحقیقی مجلہ ہے جو اُردو اور انگریزی حصے پر مشتمل ہے۔ تازہ شمارے میں ● خودکشی: نوعیت مسئلہ اور اسلامی نقطۂ نظر از محمد شمیم اختر قاسمی ● اسلام کے احکام میں تحقیق کا مقام و حکم، ایک جائزہ از عبدالماجد ● سقوطِ مشرقی پاکستان کا واقعہ اور تاریخ نویسی از نسرین افضل، توقیر فاطمہ و دیگر تحقیقی مقالات شاملِ اشاعت ہیں۔ اُردو ذریعہ تعلیم از محمد شریف نظامی بطور مقالہ خصوصی شائع کیا گیا ہے جو اپنے موضوع پر جامع تجزیہ ہے۔ انگریزی حصے میں قائداعظم کا پاکستان بطور جدید اسلامی ریاست کا تصور از عفیفہ زرین پیش کیا گیا ہے و دیگر مقالات۔]

◉ **اخبارِ تحقیق**، (خصوصی شمارہ ۲۰۱۳ء) مدیر: سید مزمل حسین۔ ناشر: ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونی ورسٹی، اسلام آباد، پوسٹ بکس ۱۰۳۵، اسلام آباد۔ فون: ۲۲۵۴۸۷۴-۰۵۱۔ [ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی کا دولسانی نشریہ (نیوز لیٹر) دو سال کے انقطاع کے بعد ۲۰۱۳ء کے خصوصی شمارے کی حیثیت سے شائع کیا گیا ہے۔ پہلی بار اُردو کے علاوہ عربی میں بھی شائع کیا گیا ہے۔ اُردو حصے میں ڈاکٹر یاسین مظہر صدیقی کے سیرت نگاری پر پانچ خطبات، اسلامی یونی ورسٹی کے صدر ڈاکٹر احمد یوسف الدریویش کی کتب و دیگر دینی و معاصر کتب پر تبصرے، پاکستان، عالمِ اسلام اور دنیا بھر میں ہونے والی تحقیقی سرگرمیوں کا جائزہ شامل ہے۔]

---

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن
انٹرنیٹ پر دیکھا جاسکتا ہے
www.tarjumanulquran.org

© rasailojaraid.com